BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# لومینیٹو (Luminato) برامپٹن میں جلوہ گر ہو رہا ہے!

برامپٹن، آن (21 اپریل 2022) – سٹی آف برامپٹن یہ اعلان کرتے ہوئے نہایت خوشی محسوس کر رہا ہے کہ لومینیٹو فیسٹیول ٹورانٹو 10 اور 11 جون کو برامپٹن میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ یہ پہلی بار ہو گی کہ لومینیٹو، فنون اور تصوّرات پر مشتمل بین الاقوامی سطح کا یہ میلہ، ٹورانٹو سے باہر کوئی مہم جوئی کرے گا اور برامپٹن میں اس کی دو خصوصی تنصیبات موجود ہوں گی۔

سٹی آف برامپٹن کی آرٹس، کلچر اینڈ کریٹیو انڈسٹری ڈیولپمنٹ ایجنسی (ACCIDA) اور ٹورزم برامپٹن کو اپنے شہر میں لومینیٹو فیسٹیول لانے پر فخر ہے، جس سے رہائشیوں اور وزیٹرز کو نہ صرف فنون لطیفہ کی اس شاندار تقریب کا دلکش تجربہ حاصل کرنے کا موقع ملے گا بلکہ وہ برامپٹن کے اپنے مختلف فنون لطیفہ اور ثقافتی سرگرمیوں، خصوصی تقریبات اور مزید بہت کچھ کا لطف بھی اٹھا سکیں گے۔

**آرٹ اِن ٹرانزٹ**

بروز جمعہ، 10 جون

- ماؤنٹ پلیزنٹ گو اسٹیشن
- برامپٹن GO اسٹیشن
- برامیلیہ GO اسٹیشن

آرٹ اِن ٹرانزٹ آپ کے روزمرہ کے سفر کے دوران سٹریٹ تھیٹر کا مزہ اور سنسنی اور حیرت میں ڈال دینے والی فنکارانہ سرگرمیوں کا لطف اٹھانے کا موقع پیش کرے گا۔ برامپٹن بھر کے منتخب سٹیشنوں پر نمودار ہونے والے فنون کے یہ مظاہرے، آپ کے صبح کے سفر کا ایک انوکھا تجربہ ہوگا جسے آپ کھونا نہیں چاہیں گے۔

**آل اِن گڈ ٹائم**

بروز ہفتہ، 11 جون
لوفرز لیک ریکرئیشن سنٹر

دو سال سے زیادہ عرصے سے، ہم اپنی زندگی میں بہت کم یا کوئی دلچسپ موقع حاصل نہیں کر رہے، کیونکہ کووڈ-19 وبائی مرض نے ہمارے ایک ساتھ اکٹھا ہونے، کوئی جشن منانے اور اپنے وقت کو یادگار بنانے کی ہماری صلاحیت کو منجمد کیا ہوا ہے۔

*آل ان گڈ ٹائم* آپ کو محبت، شکرگزاری اور مشکل وقت سے چھٹکارہ پانے کی ایک رہنماء تقریب میں مدعو کرتا ہے۔ یہ تمام صلاحیتوں کے حامل افراد اور گروپوں کے لیے ڈیزائن کی گئی ہے اور یہ جلا بخش فعالیت ہمیں دوبارہ آپس میں جوڑنے، ہمارے دلوں کو مربوط کرنے اور جسم کو مضبوط بنانے، زمین، پانی اور دیگر عناصر کے درمیان محسوس ہونے والی ہماری جسمانی تال کو بیدار کرنے کے لیے آڈیو اور بصری اشارات کا استعمال کرتی ہے۔

**لومینیٹو فیسٹیول ٹورانٹو کے بارے میں**

لومینیٹو فیسٹیول معاصر فنون کے بڑے اور معروف کارناموں کا سفیر اور ایک انتہائی مؤثر محرک ہے۔ ہر سال جون کے مہینے میں، لومینیٹو دنیا کو ٹورانٹو میں خوش آمدید کہنے کے لیے ایک تہوار کے ساتھ موسم گرما کا آغاز کرتا ہے، جس میں کینیڈا سے تعلق رکھنے والے غیر معمولی صلاحیتوں کے حامل فنکاروں اور بین الاقوامی فنکاروں کے فنون پیش کیے جاتے ہیں اور کینیڈا اور بین الاقوامی فنکاروں کو خوب پذیرائی حاصل ہوتی ہے۔

لومینیٹو پورے سال کے دوران شہر اور علاقے کی متنوع ثقافتوں اور کمیونٹیز کے فنکاروں کے کاموں کو اجاگر کرتا ہے، ان کی تخلیقی

نشوونما کی حمایت کرتا ہے اور ان کے فنون کو عالمی سطح تک لے کر جاتا ہے۔ وہ مقامی آوازوں کو عالمی سطح کی گفتگو کا موضوع بنا دیتے ہیں اور اپنے کام کو مساوات، شمولیت، رسائی اور ماحولیاتی استحکامیت کی بنیاد پر استوار کرتے ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ لومینیٹو بات چیت شروع کرنے اور سامعین کو متاثر کرنے کے لیے فن کی طاقت پر یقین رکھتا ہے۔

اس سال کے تہوار کے بارے میں مزید جاننے کے لیے luminatofestival.com ملاحظہ کریں۔

**اقتباسات**

"ہم لومینیٹو کو پہلی بار برامپٹن میں خوش آمدید کہنے کے لیے بہت پرجوش ہیں! ان دو خاص مواقع کے جادو اور حیرت سے لطف اندوز ہونے کے لیے 10 اور 11 جون کے لیے اپنے کیلنڈرز کو نشان زد کر لیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"یہ برامپٹن کے لیے ایک انتہائی دلچسپ موقع ہے! ہم اپنے شہر میں لومینیٹو کا استقبال کرنے اور رہائشیوں اور وزیٹرز کو اس بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ تقریب کا شاندار تجربہ حاصل کرنے کا موقع فراہم کرنے کا انتظار نہیں کر سکتے۔"

- *ہرکیرات سنگھ، سٹی کونسلر وارڈز 9 اور 10، چیئر، کارپوریٹ سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"یہاں برامپٹن میں لومینیٹو کا انعقاد ہماری کمیونٹی کو اپنے گھر کے پچھواڑے (بیک یارڈ) میں بیٹھ کر اس عالمی معیار کے ایونٹ کا لطف اٹھانے کا موقع فراہم کرے گا۔ میں شرکت کے لیے انتظار نہیں کر سکتی!''

- *روِوینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ وائس چیئر، کارپوریٹ سروسز، سٹی آف برامپٹن؛ کونسل ایڈوائزری پینل ممبر، آرٹس، کلچر اینڈ کریئیٹِو انڈسٹری ڈیولپمنٹ ایجنسی*

"اس سال کے ایونٹ میں برامپٹن کو شامل کرنے اور اس تجربے کو ہماری کمیونٹی تک پہنچانے کے لیے سٹی آف برامپٹن کی ہماری ٹیم کے ساتھ کام کرنے کے لیے لومینیٹو کا شکریہ۔"

- *پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"لومینیٹو لطف اندوز ہونے کے اس انتہائی موقع پر فنون کو دوبارہ زندہ کرنے کے لیے حاضر خدمت ہے، جس سے ہم سب پچھلے کچھ سالوں سے محروم رہے ہیں۔ ہم اس سال لومینیٹو کا ایک حصہ برامپٹن میں لانے کے لیے سٹی آف برامپٹن کے ساتھ شراکت داری کرنے پر بہت خوش ہیں۔ لومینیٹو 2022 آرٹ کی طاقت کے پورے خطے کے سامعین کے لیے مشترکہ داستانوں اور تجربات کے ذریعے ہمیں جوڑنے کے لیے ایک پُرجوش یاد دہانی ہو گی۔"

- *سیلیا سمتھ، CEO، لومینیٹو فیسٹیول ٹورانٹو*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 75,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

Media Release

لومینیٹو فیسٹیول ٹورانٹو 2022 کے معاونین

**بانی حکومتی شراکت دار** صوبہ اونٹاریو

**بڑے شراکت دار** حکومت کینیڈا، سٹی آف ٹورانٹو

**کارپوریٹ پارٹنرز** کیڈیلیک فیئر ویو، BMO، TD بینک گروپ، لوبلاء کمپنیز لمیٹڈ، OLG بیچ، بلومبرگ، پاور کارپوریشن آف کینیڈا، کنگ سیٹ کیپیٹل، آکسفورڈ پراپرٹیز اور دیگر۔

**انفرادی عطیہ دہندگان اور فاؤنڈیشنز** انانیمس، ایان اینڈ کیکی ڈیلانی، C.M، دی ڈیان اینڈ اِرونگ کیپنس فاؤنڈیشن، جان اینڈ جیری لوزنسکی، سینڈرا اینڈ جم پٹبلاڈو، C.M، گریچین اینڈ ڈونلڈ روس، O.C، دی لیری اینڈ جوڈی ٹیننبام فیملی فاؤنڈیشن، دی مائیکل ینگ فیملی فاؤنڈیشن، ANDPVA، دی ایزریلی فاؤنڈیشن، ایلینور گِل ریٹکلِف، C.M، O.N.L، LLD اور دیگر۔

**حکومتی شراکت دار** کینیڈا کونسل فار آرٹس، اونٹاریو آرٹس کونسل

**میڈیا پارٹنرز** سینٹ جوزف کمیونیکیشنز، برانڈڈ سٹیز، ایسٹرل، OUTFRONT کینیڈا، پیٹیسن، دی گلوب اینڈ میل، ٹورانٹو سٹار


**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca

لومینیٹو فیسٹیول ٹورانٹو
media@luminato.com